ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(126)

22.02.2023

# ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی احمد پور شرقیہ میں گزشتہ روز دوران واردات قتل ہونے والے شہری کی نماز جنازہ میں شرکت،لواحقین سے ہمدردی کا اظہار۔مکمل انصاف کی یقین دہانی۔ایسا گھناؤنا جرم کرنے والے کسی صورت آزاد نہیں رہیں گے۔ بہت جلد قانون کی گرفت میں ہوں گے۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او نے گزشتہ روز دوران واردات قتل ہونے شہری محمد اصغر کی نماز جنازہ میں بھی شرکت کی۔اس موقع پر ایس ڈی پی او احمد پور شرقیہ، ایس ایچ اوز سٹی وصدر سرکل بھی شریک ڈی پی او نے نماز جنازہ ادا کی اور مرحوم کیلئے مغفرت کی دعا کی۔انہوں نے مرحوم کے لواحقین سے تعزیت کی اور انکو حوصلہ دیا۔ڈی پی او نے ڈی ایس پی احمد پور کو ملزمان کی گرفتاری کے حوالے سے اقدامات مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔ایلیٹ فورس، آئی ٹی اسپیشلیسٹ اور مخصوص ریڈنگ پارٹی پر مشتمل ایک ٹیم تشکیل دی تھی اور کہا کہ مجھے روزانہ کی بنیاد پر اس کی پراگرس دی جائے۔میں خود اس کیس کی نگرانی کروں گا۔ایسا سنگین جرم کرنے والے کسی صورت قانون کی گرفت سے نہیں بچ پائیں گے۔یہ کیس ایس ڈی پی او اور ایس ایچ اوز کیلئے ایک چیلنج کیس ہے۔جس کو جلد از جلد مکمل کیا جائے گا۔ڈی پی او کی مرحوم کے لواحقین سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھے آپکے دکھ کا احساس ہے۔اپکے ملزمان کو پکڑنے تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے۔اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطاء فرمائیں اوران کے درجات بلند فرمائیں اوران کے لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائیں۔

ترجمان پولیس بہاولپور



بہاولپور۔ڈی پی او سید محمد عباس کی احمد پور شرقیہ میں گزشتہ روز دوران واردات قتل ہونے والے شہری کی نماز جنازہ میں شرکت

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(127)

22.02.2023

**بہاولپور؛ڈی پی اوسید محمد عباس کی ہدایت پر ملکی صورت حال کے پیش نظر نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے سٹی سرکل میں سرچ آپریشن،شہری اپنا شناختی کارڈ اور گاڑیوں کے ملکیتی کاغذات اپنے ہمراہ رکھیں،تاکہ سرچ آپریشن اورسنیپ چیکنگ کا عمل جلد مکمل ہو سکے۔ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی موجودہ ملکی وعلاقائی صورتحال کے پیش نظر دیے گئے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع کے تمام تھانوں کی سطح پر ملکی صورت حال کے پیش نظر سرچ آپریشن کرنے کا حکم دیا۔جس کے سلسلہ میں سٹی سرکل میں مختلف تھانوں کی حدود میں سرچ آپریشن کیے گئے تاکہ شرپسند اور جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کو یقینی بنایا جائے۔ اس طرز پر ضلع کے مختلف مقامات پر گاہے بگاہے سنیپ چیکنگ اورناکہ بندیوں کو سلسلہ بھی جاری ہے۔ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ عوام خصوصا ان دنوں اپنے شناختی کارڈ اور گاڑیوں کے ملکیتی کاغذات اپنے ہمراہ رکھیں تاکہ دوران سرچ آپریشن اورسنیپ چیکنگ آپکو کسی بھی زحمت کا سامنا نہ کرنا پڑے،اور تصدیق کا عمل جلد مکمل ہو سکے۔مزید شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی اور شرانگیزی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ پولیس اسٹیشن کو دیں یا پھر پکار 15 پر کال کریں تاکہ ایسے عناصر کو قانون کی گرفت میں لاکر معاشرے کو بدامنی اور شرپسندی سے محفوظ رکھا جاسکے۔آپکے تحفظ کیلئے کوشاں بہاولپور پولیس

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:پولیس کی طرف سے سٹی سرکل میں سرچ آپریشن میں مشکوک افراد کی چیکنگ کا عمل جاری